کد کنترل

213

A

213A

«در زمینه مسائل علمی، باید دنبال قلّه بود.»
مقام معظم رهبری

عصر جمعه
۱۴۰۲/۱۲/۰۴

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فنّاوری
سازمان سنجش آموزش کشور

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوسته داخل ـ سال ۱۴۰۳

## زبان و ادبیات اردو (۱۱۲۹ (شناور))

تعداد سؤال: ۱۲۰ | مدت‌زمان پاسخگویی: ۱۲۰ دقیقه

**عنوان مواد امتحانی، تعداد و شماره سؤال‌ها**

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شماره | تا شماره |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۴۶ | ۷۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

**استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.** **این آزمون، نمره منفی دارد.**

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤالات به هر روش ( الکترونیکی و ...) پس از برگزاری آزمون، برای تمامی اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفین برابر مقررات رفتار می‌شود.

* داوطلب گرامی، عدم درج مشخصات و امضا در مندرجات جدول زیر، به‌منزله عدم حضور شما در جلسه آزمون است.

اینجانب .................... با شماره داوطلبی .................... با آگاهی کامل، یکسان بودن شماره صندلی خود با شماره داوطلبی مندرج در بالای کارت ورود به جلسه، بالای پاسخنامه و دفترچه سؤال‌ها، نوع و کد کنترل درج‌شده بر روی دفترچه سؤال‌ها و پایین پاسخنامه‌ام را تأیید می‌نمایم.

امضا:

**دستور زبان تخصصی اردو:**

۱- درج ذیل کے حروف تہجی مرکب کے متعلق، کونسا حرف، حروف مرکب میں شمار نہیں کیا جاسکتا؟

۱) گ + ھ = گھ ۲) ع + ھ = عھ ۳) ک + ھ = کھ ۴) ڑ + ھ = ڑھ

۲- اردو زبان میں حروف جار کے اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے کونسا جملہ قواعد کی رو سے صحیح نہیں ہے؟

۱) احمد کے ساتھیوں کی ٹوکریوں میں دس انڈے موجود ہیں۔
۲) ہمارے گھروں کے آس پاس پرندوں کے گھونسلے بہت ہیں۔
۳) کلاس میں میزیں کے اوپر پھلوں کی دو ٹوکری موجود ہیں۔
۴) کلاسوں میں اساتذہ کی کرسیوں کے پیچھے دو بلیاں موجود ہیں۔

۳- اردو گرائمر میں ضمایر ملکی کے متعلق درج ذیل کا کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) کیا وہ گڑیا، تیرا ہے؟
۲) وہ بلیاں، تیرے نہیں۔
۳) کیا وہ خوبصورت کتے تیرے ہیں؟
۴) یہ سونے کی گھڑی میری ماں کا ہے۔

۴- اردو میں قید کے استعمال کے سلسلے میں درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں ہے؟

۱) کیا تیرے کے آگے ایک گاڑی ہے؟
۲) ان کے کالج کے باہر ایک کافی شاپ ہے۔
۳) اس کے بائیں ہاتھ دو خواتین کھڑی تھیں۔
۴) تمہارے سامنے دو لڑکیوں کی گاڑیاں کھڑی تھیں۔

۵- اردو میں ضمایر مفعولی کے استعمال کے متعلق درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں ہے؟

۱) اب مجھے چائے پینی ہے۔
۲) ہمیں اردو زبان اچھی لگتی ہے۔
۳) کیا ان کو یہ مزیدار کھانے پسند ہیں؟
۴) ہم کا اپنی غلطیوں کا احساس ہو گیا۔

۶- اردو قواعد کے مطابق حرف موصولہ "جو" کے استعمال کے پیش نظر، کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) جس نے یہاں آیا تو وہ میرا دوست ہے۔
۲) جو جو یہاں امتحان دے گا تو وہ فیل ہو جائے گا۔
۳) جن لوگوں بازار میں گئے تھے وہ سب کے سب میرے رشتہ داروں میں سے ہیں۔
۴) جن لڑکیوں نے لاہور سے اپنی سہیلیوں کے لیے تحفے لائیں گا وہ بڑے شریف ہیں۔

۷- "چاہیے" کے متعلق درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں؟

۱) چاہیے ہمیشہ ضمایر فاعلی کے ساتھ آتا ہے۔
۲) چاہیے ہمیشہ ضمایر مفعولی کے ساتھ آتا ہے۔
۳) چاہیے کے استعمال میں کبھی فاعل بھی آجاتا ہے۔
۴) چاہیے کے استعمال میں عموماً مصادر بھی آتے ہیں۔

**۸۔ درج ذیل کے فقروں میں سے کونسے فقرے کا شمار ماضی استمراری میں نہیں ہوتا ہے؟**

۱) دھوکا باز لوگوں کو دھوکا دیتے تھے۔
۲) دھوکہ باز نے لوگوں کو دھوکہ دیا تھا۔
۳) دھوکا باز لوگوں کو دھوکا دینے جا رہے تھے۔
۴) دھوکا باز لوگوں کو دھوکا دیتے رہتے تھے۔

**۹۔ اردو میں مصدر "چکنا" کے استعمال کے متعلق درج ذیل کا کونسا فقرہ صحیح ہے؟**

۱) کیا آپ نے اس کتاب کی درخواست کر چکی ہیں۔
۲) کیا تم نے اپنی بہنوں کی مدد کر چکی ہو؟
۳) کیا اس نے آج کی چھٹی کر چکی ہے؟
۴) کیا تم اپنے بھائیوں کی مدد کر چکے ہو۔

**۱۰۔ افعال متعدی کے استعمال کے متعلق درج ذیل کے کونسے جملے کا فعل متعدی نہیں اور گرائمر کی رو سے جملہ غلط ہے؟**

۱) سارا نے چار کتابیں پڑھیں۔
۲) بھائی نے نئے قلم خریدے تھے۔
۳) مالی نے باغیچے کے پھولوں کو پانی دیا۔
۴) میں نے اپنے بھائیوں کے دوستوں کو کلاس میں بیٹھا ہے۔

**۱۱۔ درج ذیل مصادر میں سے کون سے مصدر کے ساتھ نے فاعلی کا استعمال ہوتا ہے؟**

۱) لے لینا
۲) لانا
۳) دوڑنا
۴) لے جانا

**۱۲۔ مذکورہ جملے کا کون سا فعل صحیح ہے؟**

**"مالی پچھلا ہفتہ پھول توڑتے رہے۔"**

۱) ماضی سادہ
۲) مضارع مستمر
۳) ماضی استمراری
۴) مضارع اخباری

**۱۳۔ ذیل کے مرکبات ترتیب وار کس کس قسم کے ہیں؟**

**"عارف کی عینک" - "جمعے کا دن" - "مٹی کا برتن" - "چڑیا گھر"**

۱) مرکب اضافی۔ مرکب عطفی۔ اضافت بیانی۔ مرکب توصیفی
۲) مرکب اضافی۔ اضافت توضیحی۔ اضافت بیانی۔ مرکب ظرفی
۳) اضافت توضیحی۔ اضافت بیانی۔ اضافت توضیحی۔ مرکب ظرفی
۴) مرکب عطفی۔ اضافت توضیحی۔ اضافت بیانی۔ اضافت توضیحی

**۱۴۔ کونسے فقرے میں املے کی غلطی موجود ہے؟**

۱) آج کالج میں تیس طالب علم موجود ہیں۔
۲) شہر بھر کے راستوں میں جشن منایا جا رہا ہے۔
۳) انیس کے دادے کی تین کتابیں اور ایک میز تھی۔
۴) آصف کو ہفتے میں ایک دفعہ دکان جانا چاہئے۔

**۱۵۔ درج ذیل کا کون سا جملہ فعل ماضی نقلی استمراری میں شامل نہیں ہے؟**

۱) وہ لڑکی ہمیشہ اپنے سکول میں اول آتی رہی ہے۔
۲) اچھے لوگ، لوگوں کو نصیحتیں کیا کرتے رہے ہیں۔
۳) دکاندار ہر سال اپنا سامان نیلام کے ذریعے بیچا کرتا رہا ہے۔
۴) میرے والد ہر روز صبح سویرے مجھے نیند سے جگایا کرتے تھے۔

**۱۶۔ مذکورہ ذیل جملے کا فعل کس زمان کا ہے؟**

**"لوگ انتخابات میں حصہ لیتے رہیں گے اور امیدواروں کو ووٹ دیتے رہیں گے۔"**

۱) فعل مستقبل استمراری
۲) فعل ماضی بعید استمراری
۳) فعل مضارع استمراری
۴) فعل شکیہ استمراری

**۱۷۔ اردو قواعد کے مطابق "نے" فاعلی اور "کو" مفعولی کو مد نظر رکھتے ہوئے کونسا جملہ صحیح نہیں؟**

۱) میں نے اپنی ماں کو یہ بات بتائی۔
۲) میں نے اپنی ماں کو بتائی۔
۳) میں نے اپنی ماں کو بتایا۔
۴) میں نے اپنی ماں کو یہ باتیں بتائیں۔

۱۸۔ اردو قواعد کے مطابق درج ذیل مذکر الفاظ کی ترتیب وار، تانیث کی نشاندہی کیجیے۔
"ہاتھی۔ کبوتر۔ پڑوسی۔ سیٹھ"
۱) ہتھنی ۔ کبوتری۔ پڑوسیا۔ سیٹھانیا
۲) ہاتھی۔ کبوتر۔ پڑوسی۔ سیٹھان
۳) ہتھنی ۔ کبوتری۔ پڑوسن ۔ سیٹھانی
۴) ہاتھی ۔ کبوتر۔ پڑوسن۔ سیٹھانی

۱۹۔ نیچے دیے گئے اردو کے واحد الفاظ کی جمع ترتیب وار کونسے ہیں؟
"درزی۔ موتی۔ ماں۔ گائے"
۱) درزی۔ موتی۔ مائیں۔ گائیں
۲) درزن۔ موتیے۔ مائیں۔ گائیں
۳) درزی۔ موتی۔ ماؤاں۔ گائے
۴) درزن۔ موتیے۔ ماں۔ گائے

۲۰۔ کونسے چاروں الفاظ ترتیب وار مذکر ہیں؟
۱) جوگن۔ چودھرانی۔ کتیا۔ ملکہ
۲) سنارن۔ اداکارہ۔ بندریا۔ بچھیا
۳) موچن۔ مورنی۔ خالہ۔ بلی
۴) پانی۔ موتی۔ دہی۔ بھائی

۲۱۔ کونسا جملہ اردو قواعد کی رو سے غلط ہے؟
۱) ہم نے کل کراچی جانا ہے۔
۲) ہمیں وہاں جانا پڑے گا۔
۳) انہیں یہ کام کرنا چاہیے تھا۔
۴) آپ کو میری مدد کی ضرورت ہوگی۔

۲۲۔ درج ذیل معلوم جملے کے صحیح مجہول جملے کی نشاندہی کیجیے۔
"آپ نے ٹوپیاں پہن لی ہوں گی۔"
۱) ٹوپیاں پہنائی گئی ہوں گا۔
۲) ٹوپیاں پہن لی گئی ہوں گی۔
۳) ٹوپیاں پہنائی گئے ہوں گئے۔
۴) ٹوپیاں پہن لیے گئے ہوں گے۔

۲۳۔ کونسا جملہ "فعل ماضی بعید استمراری" کے زمرے میں آتا ہے۔
۱) جھوٹی خبریں نشر کی جارہی تھیں۔
۲) وہ ہمیں جھوٹے وعدوں پر ٹال رہا تھا۔
۳) بنگلہ دیش میں ہر سال آندھیاں آتی رہتی ہیں۔
۴) تو ہمیشہ اپنے خیالات میں گم سُم کچھ سوچتی رہی تھی۔

۲۴۔ ذیل کے فقرے کی ترکیب نحوی کی نشاندہی میں کونسی بات غلط ہے؟
"پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو!"
۱) بات: مفعول
۲) منہ: مجرور
۳) تولو: ظرف زمان
۴) سے: حرف جار

۲۵۔ درج ذیل اسم، ترتیب وار کن کن ناموں سے موسوم ہیں؟
"ڈبیا۔ صبح۔ پگڑ۔ چوں چوں"
۱) اسم مصغّر۔ اسم ظرف۔ اسم مکبّر۔ اسم صوت
۲) اسم مکبّر۔ اسم ظرف۔ اسم مصغّر۔ اسم صوت
۳) اسم صوت۔ اسم ظرف۔ اسم مکبّر۔ اسم مصغّر
۴) اسم مکبّر۔ اسم ظرف۔ اسم صوت۔ اسم مصغّر

متون تخصصی:

ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۲۶ سے لے کر ۲۸ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

"بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے، انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصوّر ہوں۔ میں نے بے شمار تصویریں بنائی تھیں مگر وہ تمام کی تمام کباڑیوں یا نیلام گھروں میں پہنچ کر کوڑیوں کے بھاؤ بِک چکی تھیں۔ زندگی اسی حالت میں گزر رہی تھی کہ اتفاقاً تصویروں کی ایک نمائش گاہ میں میری آپ سے ملاقات ہو گئی۔ آپ نے میری تصویروں میں دلچسپی لی اور مجھے اسی شام اپنے ہاں چائے پر بلا لیا۔ میں اپنے ہزاروں ہم پیشہ بھائیوں کی طرح غربت کی چکّی میں پس رہا تھا۔ یہ کوئی ایسی بات نہ تھی جو چھپی رہ سکتی۔ آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ میں اپنے غربت کدے سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تا کہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں۔ آپ نے میرے لیے یہ کمرہ وقف کر دیا اور مجھے زندگی کی ضروریات سے بے نیاز کر دیا۔"

۲۶۔ اوپر کے مذکورہ متن کی رو سے "کوڑیوں کے بھاؤ بِک جانا" کا مطلب کیا ہے؟

۱) کوڑے رسید کرنا
۲) مہنگے مول بِک جانا
۳) نہایت سستے قیمت میں فروخت ہو جانا
۴) کوڑے دان میں پھینکا جانا

۲۷۔ اوپر کے مذکورہ متن کی رو سے "غربت کی چکّی میں پسنا" کے صحیح مطلب کی نشاندہی کیجیے۔

۱) آٹا گوندھنا
۲) نہایت عاجزی کے ساتھ مانگنا
۳) نہایت مفلسی کے ساتھ زندگی گزارنا
۴) امیروں کی طرح زندگی سکوں سے گزارنا

۲۸۔ اوپر دیے گئے متن کی رو سے کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) مصوّر کے لیے کمرا وقف نہیں کیا گیا۔
۲) مصوّر پہلے نہایت غربت کے ساتھ زندگی گزار رہا تھا۔
۳) مصوّر کی تصویریں نیلام گھروں میں عمدہ قیمت میں بِک جاتیں۔
۴) مصوّر کے پاس امیروں کی طرح زندگی کی سب سہولیات فراہم تھیں۔

۲۹۔ درج ذیل محاورات کے صحیح مفاہیم ترتیب وار کونسے ہیں؟

"ڈنک مارنا" - "صلواتیں سنانا"

۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - درود پڑھنا
۲) رسوا کرنا - درود پڑھنا
۳) اڑنا - بُرا بھلا کہنا
۴) کاٹنا - بُرا بھلا کہنا

۳۰۔ "پو پھٹنا" اور "پچھاڑیں کھانا" کے محاورات کے صحیح معانی کی نشاندہی کیجیے؟

۱) صبح صادق ہونا - صدمہ اٹھانا
۲) دوپہر ہونا - زمین کی کھدائی کرنا
۳) ٹھنڈی ہوا چلنا - آہیں بھرنا
۴) روشنی پھیل جانا - پیچھے ہٹ جانا

۳۱۔ ذیل کے الفاظ کے ترتیب وار، متضاد الفاظ کونسے ہیں؟

"اپنا" - "اندھیرا" - "پُرانا" - "اُتار"

۱) پرایا - اجالا - نیا - چڑھاؤ
۲) شروع - روشنی - نئی - ازدحام
۳) ابتداء - تاریکی - قدیم - دشت
۴) شروع - خلوت - پاک - الم

۳۲۔ کونسے فقرے میں محاورے کا استعمال غلط ہے؟

۱) خواہ مخواہ کسی کا دل توڑنا اچھی بات نہیں۔
۲) ہماری فوج نے دشمن کے دانت کھٹے کر دیئے۔
۳) میچ میں ہار کر اس فتح کی وجہ سے وہ سرخرو ہو گیا۔
۴) دیر سے آنے کی وجہ سے استاد نے شاگرد کو ڈانٹ پلائی۔

۳۳۔ درج ذیل محاوروں میں سے کونسے محاورے کا مطلب "عزت کرنا" کا ہے؟

۱) آنکھ بدلنا
۲) آنکھ ملانا
۳) آنکھ پھیرنا
۴) آنکھوں سے لگانا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۴ سے لے کر ۳۵ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

"پھر ماسٹر جی کے لیے بستر لگایا گیا۔ چودھری نے ان کے لیے اکلوتی ریشمی رضائی نکلوائی اور وہ سفید جھالر والا تکیہ بھی، جس کے غلاف پر بارہ سنگھے کی تصویر کڑھی ہوئی تھی۔ بے شک تکیے میں لچک کی نسبت اکڑ زیادہ تھی اور ماسٹر جی کو اسے سر کے نیچے فٹ کرنے میں کچھ دقّت بھی پیش آئی، لیکن آخر آرام سے سوگئے۔ صرف ایک مرتبہ آدھی رات کے قریب گھوڑی کے کھانسنے سے ذرا انگریزی میں بڑبڑا کر جاگ اٹھے لیکن برابر ہی چودھری اور اس کا نوکر سو رہے تھے۔ انہوں نے گھوڑی کو چارا اور ماسٹر جی کو دلاسا دیا اور پھر صبح تک کوئی قابل ذکر واقعہ نہ ہوا۔"

۳۴۔ درج بالا متن کی رو سے کونسا جملہ درست ہے؟

۱) ماسٹر جی کا تکیہ بہت نرم اور آرام دہ تھا۔
۲) ماسٹر جی فارسی زبان میں بڑبڑا کر جاگ اٹھے۔
۳) چودھری اور اس کے نوکر نے ماسٹر جی کا کوئی خیال نہیں رکھا۔
۴) ماسٹر جی کے لیے ایک ایسا تکیہ لایا گیا جس کے غلاف پر ایک جانور کی تصویر بنائی ہوئی تھی۔

۳۵۔ درج بالا متن کی رو سے کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) ماسٹر جی پوری رات گہری نیند سو گیا۔
۲) ماسٹر جی آدھی رات کو گھوڑی کے کھانسنے سے جاگ اٹھا۔
۳) ماسٹر جی کو تکیہ سر کے نیچے فٹ کرنے میں کوئی دقّت پیش نہیں آئی۔
۴) ماسٹر جی آدھی رات چودھری اور اس کے نوکر کے کھانسنے سے جاگ اٹھا۔

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۶ سے لے کر ۳۸ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"اب سات بج چکے تھے اور مال کی پٹڑی پر پھر پہلے کی طرح مٹر گشت کرتا ہوا چلا جا رہا تھا۔ ایک ریسٹورنٹ میں آرکسٹرا بج رہا تھا۔ اندر سے کہیں زیادہ باہر لوگوں کا ہجوم تھا۔ ان میں زیادہ تر موٹروں کے ڈرائیور، کوچوان، پھل بیچنے والے جو اپنا مال بیچ کر خالی ٹوکرے لیے کھڑے تھے۔ کچھ راہگیر جو چلتے چلتے ٹھہر گئے تھے، کچھ مزدور پیشہ لوگ تھے اور کچھ گداگر۔ یہ اندر والوں سے کہیں زیادہ گانے کے رسیا معلوم ہوتے تھے کیونکہ وہ غُل غپاڑہ نہیں مچا رہے تھے بلکہ خاموشی سے نغمہ سن رہے تھے حالانکہ دھن اور ساز اجنبی تھے۔ نوجوان پل بھر کے لیے رُکا اور پھر آگے بڑھ گیا۔"

۳۶۔ اوپر دیے گئے متن کی رو سے " مٹر گشت کرنا" سے مراد کیا ہے؟

۱) کھیلنا ۲) سانس لینا ۳) اچھل کود کرنا ۴) چہل قدمی کرنا

۳۷۔ درج بالا متن کو مد نظر رکھتے ہوئے "غُل غپاڑہ" کا مترادف لفظ کونسا ہے؟

۱) دھیما ۲) ہنگامہ ۳) دھیلا ۴) ہنگامی

۳۸۔ اوپر کے متن کے مطابق کس طرح کے لوگ ریسٹورنٹ میں شامل نہیں تھے؟

۱) کوچوان۔ پھل بیچنے والے ۲) مزدور پیشہ لوگ اور گداگر

۳) نوجوان طالب علم اور دکاندار ۴) موٹروں کے ڈرائیور اور کچھ راہگیر

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۹ سے لے کر ۴۱ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

" یہ جھگڑا جس طرح بے وجہ شروع ہوتا تھا اسی طرح بے وجہ ختم بھی ہوتا تھا۔ مثلاً بیگم راجا کے بیٹے کی گیند اچھل کر کھڑکی میں سے گزری اور بیگم خواجہ کی بالٹی میں جا گری۔ اب بیگم راجا چیخ رہی ہیں کہ بیگم خواجہ نے جان بوجھ کر گیند بھگو دی کہ گیلی مٹی سے بھر جائے اور مٹی سے بچے کے ہاتھ بھر جائیں اور ہاتھوں سے وہ اپنے کپڑے خراب کر لے اور بیگم راجا کو پھر سے کپڑے دھونے پڑیں اور صابن الگ خرچ ہو اور وقت الگ ضائع ہو۔ ادھر بیگم خواجہ کا اصرار ہوتا تھا کہ گیند بچے نے پھینکی ہے اور تاک کر بالٹی میں پھینکی ہے کیونکہ نل بند ہو چکا ہے اور اب پینے کے پانی کے لیے بہشتی سے ایک مشک کے لیے کہا جائے جو غضب خدا کا ایک مشک کے پورے دو آنے لیتا ہے۔"

۳۹) درج بالا متن کی رو سے " بہشتی" سے مراد کیا ہے؟

۱) سقّا ۲) گوالا ۳) گویّا ۴) جولاہا

۴۰۔ اوپر دیے گئے متن کے مطابق کونسی بات صحیح ہے؟

۱) بیگم خواجہ کی بیٹی کی گیند بیگم راجا کی بالٹی میں جا کر گری۔ ۲) بیگم خواجہ کے بیٹے کی گیند بیگم راجا کی بالٹی میں جا کر گری۔

۳) بیگم راجا کی بیٹی کی گیند بیگم خواجہ کی بالٹی میں جا کر گری۔ ۴) بیگم راجا کے بیٹے کی گیند بیگم خواجہ کی بالٹی میں جا کر گری۔

۴۱۔ بیگم راجا کے حوالے سے کونسی بات درست ہے؟

۱) بیگم راجا اور بیگم خواجہ نے آپس میں مل بیٹھ کر خراب کپڑے دھو لیے۔

۲) بیگم خواجہ کو یہ خوش فہمی تھی کہ بیگم راجا نے جان بوجھ کر بیٹے کی گیند صاف کر دی ہے۔

۳) بیگم خواجہ کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ بیگم راجا نے جان بوجھ کر گیند بھگو دی ہے کہ گیلی مٹی سے بچے کے ہاتھ بھر جائیں اور وہ اپنے کپڑے خراب کر لے۔

۴) بیگم راجا کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ بیگم خواجہ نے جان بوجھ کر گیند بھگو دی ہے کہ گیلی مٹی سے بچے کے ہاتھ مٹی سے بھر جائیں اور وہ اپنے کپڑے خراب کر لے۔

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۴۲ سے لے کر ۴۴ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"اس قدر تیز رفتاری بائیسکل کی طبع نازک پر گراں گزری۔ چنانچہ اس میں ایک لخت دو تبدیلیاں واقع ہوئیں، ایک تو ہینڈل ایک طرف مڑ گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں جاتا تو سامنے کو تھا لیکن میرا جسم دائیں طرف کو مڑا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ بائیسکل کی گدی دفعتہً چھے انچ کے قریب بیٹھ گئی۔ چنانچہ جب پیڈل چلانے کے لیے میں ٹانگیں نیچے اوپر کر رہا تھا تو میرے گھٹنے ٹھوڑی تک پہنچ جاتے تھے۔ کمر دوہری ہو کر باہر نکلی ہوئی تھی اور ساتھ ہی اگلے پہیوں کی اٹھکیلیوں کی وجہ سے سر برابر جھٹکے کھا رہا تھا۔"

۴۲۔ اوپر دیے گئے متن کی رو سے "اٹھکیلیاں" کا صحیح مطلب کیا ہے؟

۱) اٹھلا کے چلنا
۲) تیز رفتاری کے ساتھ چلنا
۳) کچھوے کی چال پر چلنا
۴) دھیرے دھیرے چلنا

۴۳۔ درج بالا متن کی رو سے "ٹھوڑی" سے مراد کیا ہے؟

۱) ماتھا
۲) زنخداں
۳) کندھا
۴) بھویں

۴۴۔ اوپر دیے گئے متن کی رو سے کونسا جملہ غلط ہے؟

۱) آدمی کا سر برابر جھٹکے کھا رہا تھا۔
۲) آدمی کی کمر دوہری ہو کر باہر نکلی ہوئی تھی۔
۳) بائیسکل کی گدی دفعتہً چھے انچ اوپر ہو گئی۔
۴) آدمی پیڈل چلانے کے لیے ٹانگیں اوپر نیچے کر رہا تھا۔

۴۵۔ ذیل کی مثل کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

**"جتنا گڑ ڈالو گے اتنا میٹھا ہوگا"**

۱) جتنا کسی چیز یا کام پر خرچ کروگے وہ چیز اتنی ہی عمدہ ہو گی۔
۲) کام پر زیادہ توجہ نہ دو! وہ کام خود ہی انجام پائے گا۔
۳) جس تن لاگے وہی جانے
۴) میٹھا اور بھر کٹوری

__ادبیات منظوم:__

۴۶۔ وہ کونسی صنف شعر ہے جس میں معشوق کی بے وفائی اور بے پروائی کا گلہ کیا جاتا ہے اور اسے ترک کرنے کی دھمکی دی جاتی ہے؟

۱) ہائیکو
۲) قصیدہ
۳) شہر آشوب
۴) واسوخت

۴۷۔ ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری پائی جاتی ہے؟

اکیلا ہو کے رہ دنیا میں گر چاہے بہت جینا
ہوئی ہے فیض تنہائی سے عمر خضر طولانی

۱) ایہام
۲) تلمیح
۳) تضاد
۴) حُسن تعلیل

۴۸۔ کونسے شعر میں مبالغہ کی صنعت موجود ہے؟

۱) تجھی کو جو یاں جلوہ فرمانہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

۲) اذیت، مصیبت، ملامت، بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

۳) قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا

۴) جنوں کے ہاتھ سے سر تا قدم کا ہیدہ اتنا ہوں
کہ اعضا دیدہ زنجیر کی کرتے ہیں مژگانی

**۴۹۔ کونسا شعر ذیل کے شعر کے مفہوم اور مضمون کو پیش کرتا ہے؟**

**" حجاب رخ یار تھے آپ ہی ہم — کھلی آنکھ جب کوئی پردانہ دیکھا"**

۱) دل کے تئیں آتش ہجران سے بچایا نہ گیا — گھر جلا سامنے پر ہم سے بجھایا نہ گیا

۲) بیا و ہستی حافظ ز پیش او بردار — کہ باوجود تو کس نشنود ز من کہ منم

۳) میان عاشق و معشوق ہیچ حایل نیست — تو خود حجاب خودی حافظ از میان برخیز

۴) کیا جانے وہ مرغان گرفتار چمن کو — جن تک کہ بصد ناز نسیم سحر آوے

**۵۰۔ ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟**

**ہوتی نہیں قبول دعا ترک عشق کی — دل چاہتا نہ ہو، تو زبان میں اثر کہاں**

۱) قبول کریں کہ عشق کو ترک کرنا ہی محبوب کے لئے اچھا ہے۔

۲) میں اپنی زبان سے دعا کر رہا ہوں کہ جلد عشق کو ترک کردوں۔

۳) جب تک دل سے عشق کو چھوڑنے کا فیصلہ نہ کیا جائے، زبانی دعا کا اثر نہیں ہوتا ہے۔

۴) میرا دل ترک عشق کی دعا کو چاہتا ہے ورنہ میں اپنی زبان سے کچھ نہیں کہہ سکتا ہوں۔

**۵۱۔ کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟**

**پلے ہے آشیاں میں باز کے، بچہ کبوتر کا — شبان نے گرگ کو گلے کی سونپی ہے نگہبانی**

۱) ریوڑ کو بھیڑیے سے اور کبوتر کے بچے کو باز سے کوئی خطرہ نہیں۔

۲) چرواہا، بھیڑیے کے ڈر سے باز کے گھونسلے کی نگہبانی کرتا ہے۔

۳) بھیڑیے کو شبان نے ریوڑ کی نگہبانی کے لئے رکھا ہے۔

۴) کبوتر کا بچہ باز کے گھونسلے میں پلتا ہے۔

**۵۲۔ ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟**

**مجھ دل کے کبوتر کوں پکڑیا ہے تری لٹ نے — یہ کام دھرم کا ہے ٹک اس کو چھڑاتی جا**

۱) تری زلف کی رسّی میں میرا دل، کبوتر کی طرح پھنس گیا ہے، اس کو آزاد کر!

۲) میرے دھرم میں کبوتر کو شکار کرنا گناہ ہے۔ اسے آزاد کر!

۳) کبوتر کی لٹ میں میرا دل اسیر ہوگیا ہے۔ اسے چھوڑ دو!

۴) دل کو شکار کرنا مذہبی کام ہے۔ لیکن تو اسے آزاد کر

**۵۳۔ کونسے شعر میں صنعت تضاد موجود نہیں؟**

۱) صبح ہوتی ہے، شام ہوتی ہے — عمر یونہی تمام ہوتی ہے

۲) خاموش اپنے کلبہ احزان میں روز و شب — تنہا پڑے ہوئے در و دیوار دیکھنا

۳) اب تو یوں بسر روز و شب کے ہوتے ہیں — تھوڑی دیر ہنستے ہیں، تھوڑی دیر روتے

۴) اے ابر قسم ہے تجھے رونے کی ہمارے — تجھ چشم سے ٹپکا ہے کبھو لخت جگر بھی؟

**۵۴۔ کونسا شعر، میر تقی میر کے مذکورہ ذیل شعر کے مفہوم سے مماثل ہے؟**

**اُلٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا — دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا**

۱) مریض عشق پر رحمت خدا کی — مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

۲) مت عاشقوں پہ جور و ستم اس قدر کرو! — عالم کا ڈر نہیں تو خدا کا تو ڈر کرو!

۳) کس ہستی موہوم پہ نازاں ہے تو اے یار — کچھ اپنے شب و روز کی ہے تجھ کو خبر بھی

۴) بُری باتوں کی خو ہرگز نہیں اس کو جو انسان ہے — جو گالی سے زبان کو کام فرماوے سو حیواں ہے

۵۵- **ذیل کی عبارت، کونسے شعر کی تشریح کرتی ہے؟**
**"زندگی کے اس سمندر میں تیرا وجود ایک بلبلے کی مانند ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ یہاں یہ زندگی تیرے لئے ایک آزمائش اور امتحان ہی ہے۔"**

۱) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر — ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا
۲) قلزم ہستی سے تو ابھرا ہے مانند حباب — اس زیاں خانے میں تیرا امتحان ہے زندگی
۳) پرواز ہے دونوں کا اسی ایک فضا میں — کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور
۴) نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر — تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

۵۶- **کونسے شعر میں صنعت تشبیہ موجود نہیں؟**

۱) شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے — دل ہوا ہے چراغ مفلس کا
۲) نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
۳) زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے — ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
۴) آن چشم دل فریب تو اندر سپیدہ روز — چون ماہ روشن است در اعماق شام من

۵۷- **میر تقی میر کی شاعری کا رنگ سخن لاشعوری طور پر کونسے شاعر نے اختیار کر لیا ہے؟**

۱) ولی دکنی ۲) فراق گورکھپوری ۳) اختر شیرانی ۴) ناصر کاظمی

۵۸- **ذیل کے القاب کونسے کونسے شاعر پر ترتیب وار صادق آتے ہیں؟**
**"شاعر مشرق" - "اردو غزل کا باوا آدم" - "رئیس المتغزلین"**

۱) علامہ اقبال، ولی دکنی، حسرت موہانی
۲) فیض احمد فیض، خواجہ میر درد، حسرت موہانی
۳) علامہ اقبال، ملا وجہی، مجید امجد
۴) فیض احمد فیض، میر تقی میر، جوش ملیح آبادی

۵۹- **ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری موجود ہے؟**

*ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا، نہ وہ دنیا — یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی*

۱) تضمین
۲) ترصیع
۳) لف و نشر غیر مرتب
۴) لف و نشر مرتب

۶۰- **ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ میں سے مشبہ اور مشبہٌ بہ کی نشاندہی کیجیے۔**

**اب ٹوٹ گریں گی زنجیریں، اب زندانوں کی خیر نہیں — جو دریا جھوم کے اٹھے ہیں، تنکوں سے نہ ٹالے جائیں گے**

۱) مشبہ: لوگ - دشمن — مشبہٌ بہ: دریا - تنکے
۲) مشبہ: زنجیر - زنداں — مشبہٌ بہ: دریا - لوگ
۳) مشبہ: دریا - تنکے — مشبہٌ بہ: دشمن - لوگ
۴) مشبہ: دریا - زنداں — مشبہٌ بہ: لوگ - زنجیر

۶۱- **کونسی عبارت ذیل کے شعر کے صحیح مفہوم کی وضاحت ہے؟**

**تاب نظارہ نہیں، آئینہ کیا دیکھنے دوں — اور بن جائیں گے تصویر جو حیران ہوں گے**

۱) اسے اپنی خوبصورتی کا اندازہ ہوگا تو ایک دم آئینہ دیکھتا رہے گا۔ ایسے میں کیوں اسے آئینہ دیکھنے دوں؟
۲) اسے آئینہ دیکھنے کا موقع میسر ہے۔ خوف ہے کہ آئینے میں اپنی تصویر دیکھ کر میری طرح وہ بھی حیران رہ جائے گا۔
۳) اسے آئینہ دیکھنے کی طاقت اس لیے نہیں کہ اس میں اُس کا حقیقی چہرہ معلوم ہوگا اور وہ شرم کے مارے حیرت میں مبتلا ہو جائے گا۔
۴) محبوب کا پر نور چہرہ دیکھنے کی طاقت نہیں، اسے کیوں آئینہ دیکھنے دوں؟ آئینہ دیکھ کر تو وہ اور بھی تصویر کی طرح حیران جائے گا۔

**۶۲۔ کونسے شعر میں درگاہ خداوندی میں انسان کے خاص مقام کا ذکر ہے؟**

۱) دل میں رہ، دل میں کہ معمار قضا سے اب تک — ایسا مطبوع مکاں کوئی بنایا نہ گیا

۲) ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً لیکن — میں جو پہنچا تو کہا: خیر یہ تو مذکور نہ تھا

۳) باوجودے کہ پر و بال نہ تھے آدم کے — وہاں پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

۴) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں — معلوم اب ہُوا کہ بہت میں بھی دور تھا

**۶۳۔ کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟**

**خزاں میں بھی کب آسکتا تھا میں صیاد کی زد میں — مری غماز تھی شاخ نشیمن کی کم اوراقی**

۱) میں خزان میں بھی صیاد کی تیر کا نشانہ بنا۔

۲) میں شاخ نشیمن کا غماز تھا، اس لئے صیاد کے تیر کا نشانہ بنا ہوں۔

۳) میں موسم خزان میں صیاد کا شکار ہو گیا۔ وہ شاخ نشیمن پر مجھے دیکھ سکا۔

۴) جس ٹہنی پر میں بیٹھا تھا، اس پر پتے نہیں تھے۔ اس لئے صیاد نے مجھے دیکھ کر مارا۔

**۶۴۔ ذیل کے شعر کے مفہوم کے پیش نظر کونسی بات صحیح ہے؟**

**ترے وعدے پہ جیئے ہم؟ تو یہ جان جھوٹ جانا — کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا؟**

۱) محبوب کا وعدہ معتبر ہوتا ہے۔ ۲) محبوب کی جان جھوٹی ہوتی ہے۔

۳) محبوب کے وعدے بڑا بے اعتبار ہوتے ہیں۔ ۴) محبوب کے وعدہ سے عاشق بڑا خوش ہوتا ہے۔

**۶۵۔ ذیل کے مذکورہ اشعار میں سے کونسے شعر میں بتوں کی پوجا کی بات ہوئی ہے؟**

۱) تجھ کو معلوم ہے لیتا تھا کوئی نام ترا؟ — قوّتِ بازوئے مسلم نے کیا کام ترا

۲) زندگی کی کیا رہی باقی امید — ہو گئے موئے سیاہ، موئے سفید

۳) خُو گرِ پیکرِ محسوس تھی انساں کی نظر — مانتا پھر کوئی اَن دیکھے خدا کو کیونکر

۴) اجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو — نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے

**۶۶۔ وہ کونسی صنف شعر ہے جس میں ایک مکمل مصرعے پر مزید نصف مصرعے یا ایک ٹکڑے کا اضافہ کیا جاتا ہے؟**

۱) مستزاد ۲) مثنوی ۳) غزل ۴) رباعی

**۶۷۔ کونسی بات مرثیے کے اجزا میں شامل نہیں؟**

۱) گریز ۲) بین ۳) رخصت ۴) رزم

**۶۸۔ کونسی عبارت ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم ہے؟**

**جب تجھے یاد کرلیا، صبح مہک مہک اٹھی — جب ترا غم جگالیا، رات مچل مچل گئی**

۱) اے محبوب! تیری صبح، خوشبو سے بھری ہے اور تیرے ہجر میں میری رات رقص کناں گزرتی ہے۔

۲) اے محبوب! میں جب بھی تیری یاد سے غافل ہوتا ہوں، تو میری صبح سے خوشبو جاتی ہے اور رات کو صبح تک تیرے غم سے جاگتا ہوں۔

۳) اے محبوب! جب صبح کے وقت تجھے یاد کرتا ہوں، میں خوشبو سے مست ہو جاتا ہوں اور تیرے ہجر میں راتوں کو صبح تک جاگتا رہتا ہوں۔

۴) اے محبوب! میں جب بھی تجھے یاد کرتا ہوں، تو میری صبح مہک جاتی ہے اور جب غم ہجر کا قصہ دہراتا ہوں تو میری راتیں، تیری یاد میں خوشگوار ہو جاتی ہیں۔

**۶۹۔ ذیل کی عبارت کونسے شعر کی وضاحت کو پیش کرتی ہے؟**

**"اے دوست تم پوچھتے ہو کہ تمہاری جدائی میں میرا کیا حال ہے؟ (میرا حال تو جو ہے، سو ہے) تم ذرا اپنی کیفیت کو دیکھو! اپنے دل سے پوچھو کہ وہ کیا محسوس کرتا ہے؟"**

۱) ہوش اڑ جائیں گے اے زلف پریشاں تیرے — گر میں احوال لکھا اپنی پریشانی کا

۲) مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے — یہ دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

۳) احوال کیا بیاں میں کروں ہائے اے طبیب — ہے درد اس جگہ کہ جہاں کا نہیں علاج

۴) نہ مجھ کو کہنے کی طاقت، کہوں تو کیا احوال — نہ اس کو سننے کی فرصت، کہوں تو کس سے کہوں

**۷۰۔ کونسے شعر میں صنعت تلمیح موجود ہے؟**

۱) عشق و مزدوریٔ عشرت گہِ خسرو کیا خوب! — ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں

۲) فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا — نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے؟

۳) حیرت غرور حسن سے، شوخی سے اضطراب — دل نے بھی تیرے سیکھ لیے ہیں چلن تمام

۴) نگاہ ناز جسے آشنائے راز کرے — وہ اپنی خوبیٔ قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے؟

**۷۱۔ کونسے اردو شعر کا مفہوم ذیل کے فارسی شعر کے مفہوم سے قریب ہے؟**

**چہ لازم باخرد ہم خانہ بودن — دو روزی می توان دیوانہ بودن**

۱) اچھا ہے دل کے پاس رہے پاسبان عشق — لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

۲) دل کے کہنے پہ چلوں عقل کا کہنا نہ کروں — میں اسی سوچ میں ہوں کیا کروں اور کیا نہ کروں

۳) مست ہے حال میں دل بے خبر مستقبل — سوچتا ہوں اسے ہشیار کروں یا نہ کروں

۴) دل بینا بھی کر خدا سے طلب — آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

**۷۲۔ کونسا مجموعہ فیض احمد کے شعری مجموعوں میں شمار ہوتا ہے؟**

۱) شب رفتہ — ۲) ایران میں اجنبی — ۳) بانگ درا — ۴) زنداں نامہ

**۷۳۔ ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟**

**ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا، نہ وہ دنیا — یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی**

۱) اغراق - استعارہ — ۲) ایہام - تشبیہ — ۳) تضاد - لف و نشر — ۴) تعلّی - جناس ناقص

**۷۴۔ ذیل کے شعر میں ارکان استعارہ میں سے مستعارٌلہ اور مستعارٌ منہ علی الترتیب کونسے الفاظ ہیں؟**

**پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو — دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں؟**

۱) مستعارٌلہ: انسان — مستعارٌمنہ: دنیا

۲) مستعارٌلہ: نظر — مستعارٌمنہ: آنسو

۳) مستعارٌلہ: پلک — مستعارٌمنہ: موتی

۴) مستعارٌلہ: آنسو — مستعارٌمنہ: موتی

**۷۵۔ کونسے شعر میں صنعت تشبیہ موجود ہے؟**

۱) مکھڑے سے اپنے، زلف کے پردے کو تُو اٹھا — ابر سیاہ میں ماہ درخشان کو مت چھپا!

۲) اور بھی دور فلک ہیں ابھی آنے والے — ناز اتنا نہ کریں ہم کو مٹانے والے

۳) اکبر نے سُنا ہے اہل غیرت سے یہی — جینا ذلت سے ہو تو مرنا اچھا

۴) کیا تم سے کہیں، جہاں کو کیسا پایا — غفلت ہی میں آدمی کو پایا

**ادبیات منثور:**

**۷۶۔ ادبی نثر میں "تمثیل" سے کیسا انداز تحریر مراد ہے؟**

۱) تحریر تشبیہات واستعارات سے بھرپور ہو۔

۲) انداز تحریر ایسا ہو جو کوئی پرانی کہانی کو یاد دلائے۔

۳) موضوع کو مزید متاثر بنانے کے لیے اسے ضرب الامثال سے بھرا جاتا ہے۔

۴) تخیلی اور تصوراتی کرداروں کے ذریعے مسلسل کہانی یا واقعے کی شکل میں بیان کیا جاتا ہے۔

**۷۷۔ کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ، کونسے ناول نگار کے کونسے ناول سے مربوط ہیں؟**

۱) بنات النعش از مولوی نذیر احمد　　۲) ابن الوقت از مولوی نذیر احمد

۳) توبہ النصوح از مولوی نذیر احمد　　۴) فردوس بریں از عبدالحلیم شرر

**۷۸۔ سید امتیاز علی تاج نے کونسے ڈرامے میں مغل عہد کا ایک واقعہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے؟**

۱) اسیر حرص　　۲) انار کلی　　۳) آداب عرض　　۴) حریم قلب

**۷۹۔ "ایک وصیت کی تعمیل" کس کا خاکہ ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟**

۱) نام دیو مالی۔ مولوی عبدالحق　　۲) عصمت چغتائی۔ عظیم بیگ چغتائی

۳) مولوی نذیر احمد - مرزا فرحت اللہ بیگ　　۴) مولوی وحیدالدین سلیم - مرزا فرحت اللہ بیگ

**۸۰۔ اردو میں سب سے پہلا تاریخی ناول کونسا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟**

۱) فتح اندلس، عبدالحلیم شرر　　۲) ابن الوقت، نذیر احمد

۳) ملک العزیز ورجنا، عبدالحلیم شرر　　۴) صحرا نورد کے خطوط، مرزا ادیب

**۸۱۔ کونسی بات قدیم اردو داستانوں کے سلسلے میں غلط ہے ؟**

۱) داستانوں میں غیر فطری عناصر کی موجودگی ایک فطری ضرورت تھی۔

۲) داستان میں حقیقت نگاری بنیادی چیز ہے۔ اس میں فرضی، خیالی اور مافوق فطرت باتوں سے اجتناب کیا جاتا ہے۔

۳) داستانیں حیرت انگیز واقعات اور مہمات کے سبب اپنے اندر بڑی دلکشی، رنگینی اور دلچسپی کا سامان رکھتی ہیں۔

۴) داستانیں ہمارے سامنے قدیم دور کے ماحول، معاشرت، رسوم ورواج عقائد و نظریات اور طور طریقوں کو پیش کرتی ہیں۔

**۸۲۔ نقادوں نے افسانے کو کونسی شعری صنف کے مشابہ قرار دیا ہے؟**

۱) غزل　　۲) مستزاد　　۳) رباعی　　۴) مثنوی

**۸۳۔ درج ذیل عبارت کونسے ناول نگار کے بارے میں صادق آتی ہے؟**

**"امراؤ جان ادا کے مصنف نے لکھنوی تہذیب میں طوائفوں کے کردار اور ان کی نفسیات کی خوبصورت عکاسی کی ہے۔"**

۱) رتن ناتھ　　۲) سجاد حسین　　۳) عبدالحلیم شرر　　۴) مرزا ہادی رسوا

**۸۴۔ رشید احمد صدیقی اور پطرس بخاری، اردو طنز نگاری میں اہم نام رکھتے ہیں، ان دونوں کی طنز نگاری سے متعلق کونسی بات صحیح ہے؟**

۱) دونوں کے پیش نظر اصلاح معاشرہ کا مقصد رہا۔

۲) رشید احمد صدیقی کی طنز نگاری میں زہرناکی ہے اور پطرس بخاری نے فطری انداز کو اپنا بنایا ہے۔

۳) رشید احمد صدیقی نے طنز سے زیادہ مزاح کا رنگ اور پطرس بخاری نے مزاح سے زیادہ طنز کا لہجہ اختیار کیا ہے۔

۴) رشید احمد صدیقی نے قول محال کا برجستہ استعمال کیا اور پطرس بخاری نے نثر نگاری میں تحریف نگاری کی روایت قائم کی۔

**۸۵۔ "خون بہا"، "صلیبیں میرے دریچے ہیں"، "معاصرین" کا شمار ترتیب وار کونسی صنف نثر میں ہوتا ہے اور ان کے مصنف کون کون ہیں؟**

۱) آپ بیتی: حکیم شجاع- خط نگاری: فیض احمد فیض- خاکہ نگاری: عبدالماجد دریابادی

۲) سفر نامہ: اشفاق احمد خان- ناول: عزیز احمد- تذکرہ نگاری: مولوی عبدالحق

۳) ڈراما: آغا حشر کاشمیری- آپ بیتی: ظفر علی خان- سوانح عمری: شبلی نعمانی

۴) افسانہ: قاسم محمود- خاکہ نگاری: رشید احمد صدیقی- تنقید: آل احمد سرور

**۸۶۔ فنی اعتبار سے کونسا عنصر ناول کی بنیادی اہمیت میں شامل نہیں؟**

۱) پلاٹ ۲) کہانی ۳) آمد ۴) کردار

**۸۷۔ کونسا ڈراما واجد علی شاہ کے ڈراموں میں شمار ہوتا ہے؟**

۱) اندر سبھا ۲) انار کلی ۳) رستم و سہراب ۴) پس پردہ

**۸۸۔ جس ناول میں کہانی ایک مرکزی کردار کے گرد گھومتی ہو اور سارا تانا بانا ایک مخصوص فرد کے ارد گرد بنایا گیا ہو کیسا ناول کہلاتا ہے؟**

۱) ڈرامائی ناول ۲) کرداری ناول ۳) نظریاتی ناول ۴) واقعاتی ناول

**۸۹۔ کونسی صنف نثر میں سٹیج بنیادی اہمیت رکھتا ہے؟**

۱) ڈراما ۲) افسانہ ۳) ناول ۴) داستان

**۹۰۔ اردو ادب کی نثری اصناف کے پیش نظر، کونسی بات صحیح ہے؟**

۱) انشائیہ نگار کسی مقصد یا اصلاح کی خاطر قلم اٹھاتا ہے۔

۲) اردو انشائیہ دراصل فارسی ادب سے درآمد کی گئی ہے۔

۳) رومانویت احمد علی کے افسانوں کی سب سے اہم خصوصیت ہے۔

۴) "لفظی الٹ پھیر، پھبتی اور ضلع جگت" طنز و مزاح کے حربوں میں شامل ہیں۔

**۹۱۔ تذکرہ نگاری کے حوالے سے کونسی بات غلط ہے؟**

۱) گلشن بے خار اردو زبان میں سب سے پہلا باقاعدہ تذکرہ ہے۔

۲) اردو ادب میں تذکرہ نگاری، فارسی تذکرہ نگاری کے زیر اثر سامنے آئی۔

۳) گلشن عشق، اردو ادب سے متعلق اردو زبان میں سب سے پہلا تذکرہ ہے۔

۴) اردو ادب سے متعلق نکات الشعرا، فارسی زبان میں سب سے پہلا تذکرہ ہے۔

**۹۲۔ کونسے افسانہ نگار کے افسانوں میں پنجاب کے دیہی زندگی اور رومانوی فضا اور دلکش مناظر کا عکاسی ملتی ہے؟**

۱) شبلی نعمانی ۲) ممتاز مفتی ۳) احمد ندیم قاسمی ۴) رشید احمد صدیقی

**۹۳۔ تنقید نگاری کی ابتدائی شکل کونسی صنف نثر ہے؟**

۱) انشائیہ نگاری ۲) تذکرہ نویسی ۳) مرقع نگاری ۴) مضمون نگاری

**۹۴۔ اردو انشائیہ نگاری میں کونسی شخصیت کی انشائیہ نگاری بہت اہمیت رکھتی ہے؟**

۱) ڈاکٹر وزیر آغا ۲) مولانا الطاف حسین حالی

۳) مولانا شبلی نعمانی ۴) مرزا اسداللہ خان غالب

**۹۵۔ کونسی تصنیف میرزا اسداللہ خان غالب کے خطوط کا مجموعہ شمار ہوتا ہے؟**

۱) سخندان فارس ۲) قاطع برہان ۳) دستنبو ۴) عود ہندی

۹۶۔ "خاکہ نگاری" کی خصوصیات کے پیش نظر، کونسی بات صحیح نہیں؟

۱) خاکے میں ایک شخص کے تفصیلی حالات و واقعات کی بجائے، اس کا کوئی خاص پہلو قارئین کے سامنے لایا جاتا ہے۔

۲) ایک خاکے میں کسی شخص کے بنیادی مزاج، اس کی افتاد طبع، انداز فکر و عمل کا ذکر کیا جاتا ہے۔

۳) ایک خاکے میں خاکہ نگار اپنی زندگی کے مکمل احوال و واقعات کو بیان کرتا ہے۔

۴) اختصار و جامعیت خاکہ نگاری کا بنیادی وصف ہے۔

۹۷۔ افسانے کے اجزائے ترکیبی میں ایک ہی مقصد کو اجاگر کرنے کا کیا نام ہے؟

۱) وحدت تاثر ۲) پلاٹ ۳) کردار نگاری ۴) مکالمہ نگاری

۹۸۔ کونسی صنف نثر، غیر افسانوی نثر کی اقسام میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) رپورتاژ ۲) افسانہ ۳) سفر نامہ ۴) انشائیہ

۹۹۔ کونسی تصنیف مولانا شبلی نعمانی کی سوانح عمریوں میں شامل نہیں؟

۱) یادگار غالب ۲) الغزالی ۳) الفاروق ۴) سیرت النعمان

۱۰۰۔ سجاد حیدر یلدرم کی افسانہ نگاری پر کس تحریک کے اثرات زیادہ نظر آتے ہیں؟

۱) علی گڑھ تحریک ۲) ترقی پسند تحریک ۳) حلقہ ارباب ذوق ۴) رومانوی تحریک

<u>تاریخ ادبیات اردو:</u>

۱۰۱۔ سر سید احمد خان اردو ادب کو ایک نئی صنف ادب سے نوازا۔ وہ صنف کونسی تھی؟

۱) رپورتاژ ۲) افسانہ نگاری ۳) مضمون نگاری ۴) داستان نگاری

۱۰۲۔ کونسے مصنف کے نام کے ساتھ مذکورہ کتاب، غیر مربوط ہے؟

۱) الطاف حسین حالی۔ مقدمہ شعر و شاعری ۲) شبلی نعمانی۔ شعر العجم

۳) شیخ محمد ابراہیم ذوق۔ آب حیات ۴) مولوی نذیر احمد۔ ابن الوقت

۱۰۳۔ کونسی بات دہلی کے دبستان شاعری کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) خارجیت پر زور ۲) سادہ و عام فہم الفاظ و تراکیب کا استعمال

۳) داخلیت پر زور ۴) معاملات عشق کا برملا بیان

۱۰۴۔ کونسے مصنف فورٹ ولیم کالج کے مصنفین میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) میر امّن ۲) پریم چند ۳) میر شیر علی افسوس ۴) میر بہادر علی حسینی

۱۰۵۔ میر انیس اور مرزا دبیر اردو شاعری کی کونسی صنف میں شہرت رکھتے ہیں؟

۱) شہر آشوب ۲) واسوخت ۳) مرثیہ گوئی ۴) قصیدہ نگاری

۱۰۶۔ دبستان لکھنؤ کا نمائندہ شاعر کون تھے؟

۱) خواجہ میر درد ۲) انعام اللہ یقین

۳) خواجہ حیدر علی آتش ۴) سراج الدین علی خان آرزو

۱۰۷۔ اردو ادب کی تحریکوں میں سے کس تحریک میں عقلیت، افادیت اور مقصدیت پر زیادہ زور دیا جاتا تھا؟

۱) بھگتی تحریک ۲) ترقی پسند تحریک

۳) رومانوی تحریک ۴) علیگڑھ تحریک

۱۰۸۔ قطب شاہی خاندان کے کونسے شاعر نے کونسی مثنوی میں، "بھاگ متی" کے ساتھ بادشاہ کے عشق کی داستان بیان کی ہے؟
۱) ابن نشاطی - پھول بن
۲) طبعی - بہرام و گل اندام
۳) ملاوجہی - قطب مشتری
۴) غواصی - سیف الملوک و بدیع الجمال

۱۰۹۔ کونسے شاعر نے "ایہام گوئی" کے خلاف ایک تحریک کا آغاز کیا؟
۱) میر تقی میر
۲) شاہ مبارک آبرو
۳) شیخ غلام علی مصحفی
۴) مرزا مظہر جان جاناں

۱۱۰۔ کونسی بات ناصر کاظمی کی شاعرانہ خصوصیات میں شامل نہیں؟
۱) ناصر تنہائیوں اور اداسیوں کا شاعر ہے اور یہ پہلو ان کی شاعری میں قیام پاکستان، ہجرت وار فسادات کے حوالے سے آیا ہے۔
۲) ناصر کاظمی ترقی پسند نظریات پر یقین رکھتے ہیں اور سرمایہ دارانہ نظام کی جگہ اشتراکی نظام قائم کرنا چاہتے ہیں۔
۳) ناصر کاظمی شروع شروع میں اقبال اور آخری دور میں میر سے متاثر نظر آتے ہیں۔
۴) میر تقی میر کا لہجہ ناصر کاظمی کے ہاں دوبارہ زندہ و توانا محسوس ہوتا ہے۔

***ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی:***

۱۱۱۔ درج ذیل اردو اصطلاحات کی فارسی متبادل الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔
"سامراجیت، نکتہ چینی، نظر ثانی، غدّاری"
۱) استعمار، انتقاد، تجدید نظر، خیانت
۲) استعمار، بدگمانی، مطمح نظر، خیانت
۳) استبداد، بدگمانی، تجدید نظر، جاسوسی
۴) استبداد، انتقاد، مطمح نظر، جاسوسی

۱۱۲۔ درج ذیل فارسی رباعی کے پہلے شعر کے صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

هر کس ز حقیقت خبرے داشته است — بر خاک رهِ عجز سرے داشته است
زاهد ز خدا ارم به دعویٰ طلبد — شدّاد همانا پسرے داشته است

۱) شاید انہی کا عجز مرے کام آگیا — جن دوستوں نے چھوڑ دیا زمیں پر مجھے
۲) زاہد کو خدا سے یوں ارم کی ہے طلب — جس طرح کہ شداد کا کوئی ہو پسر
۳) توڑے ہے عجز تنگ حوصلہ بر روے زمیں — سجدہ تمثال وہ آئینہ کہیں جس کو جبیں
۴) جس شخص کو ہے اصل حقیقت کی خبر — رکھتا ہے زمیں پہ عاجزی سے وہ سر

۱۱۳۔ **درج ذیل فارسی فقروں کے صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔**

**" مادر بہ توصیہ بابا بہ کنسولگری ایران در بصرہ رفت و گفت کہ ما می خواہیم بہ ایران برگردیم. چون بہ تابعیت عراق در نیامدہ بودیم، شناسنامہ ہم نداشتیم. حتی بابا گواہی ولادت مارا از کنسولگری ایران گرفتہ بود. "**

۱) امی نے ابو کے کہنے کے مطابق بصرہ میں واقع ایرانی قونصلیت میں جا کر ان سے کہا کہ ہم ایران جانا چاہتے ہیں۔ کیونکہ ہمیں اس وقت تک عراقی شہریت نہیں ملی تھی، ہمارے پاس شناختی کارڈ بھی نہیں تھے، یہاں تک کہ ابو نے ایرانی قونصلیت سے ہمارا برتھ سرٹیفیکیٹ حاصل کیا تھا۔

۲) امی نے ابو کے کہنے کے مطابق بصرہ میں واقع ایرانی قونصل خانے میں جا کر ان سے التجا کی کہ ہم ایران جانا چاہ رہے تھے۔ دراصل ہمیں اس وقت تک عراقی شہریت ملی تھی اور ہمارے پاس شناختی کارڈ بھی تھے، یہاں تک کہ ابو نے ایرانی قونصل خانے سے ہمارا سرٹیفیکیٹ بنوایا تھا۔

۳) ماں نے والد کے کہنے کے مطابق بصرہ میں واقع ایرانی سفارتے خانے میں جا کر کہا کہ ہم ایران جانا چاہیں گے۔ ہمیں اس وقت عراقی شہریت نہیں ملی تھی اور ہمارے پاس شناختی کارڈ نہیں تھے اور والد نے ایرانی قونصل خانے سے ہمارا تعلیمی سرٹیفیکیٹ نہیں بنوایا تھا۔

۴) ماں نے والد صاحب کے کہنے کے مطابق بصرہ میں واقع ایرانی سفارت خانے میں جا کر کہا کہ ہم ایران نہیں جانا چاہتے، دراصل ہمیں عراقی شہریت بھی ملی تھی اور ہمارے پاس شناختی کارڈ بھی تھے اور والد نے ہمارے لیے ایرانی قونصل خانے سے ہمارا برتھ سرٹیفیکیٹ بنوایا تھا۔

۱۱۴۔ **درج ذیل فارسی تراکیب کی ترتیب وار صحیح اردو تراجم کی نشاندہی کیجیے۔**

**انتخابات میان دورہ" - " رد صلاحیت شدہ" - " نامزد انتخاباتی" - " سرشاری نفوس"**

۱) وسط مدتی انتخابات۔ اہل۔ امیدوار۔ مردم شماری
۲) وسط مدتی انتخابات۔ نااہل۔ امیدوار۔ مردم شماری
۳) وسط مدتی انتخابات۔ نااہل۔ امیدواری۔ مردم شماری
۴) وسط مدتی انتخابات۔ نامراد۔ امیدواری۔ مردم شماری

۱۱۵۔ **کونسی بات درج ذیل اردو عبارت کے صحیح فارسی ترجمے سے مربوط نہیں؟**

**" پاکستان کے نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے ان ملکوں کو ہدف تنقید بنایا جو صیہونی حکومت کے ساتھ ساز باز کر رہے ہیں۔ انوار الحق کاکڑ نے زور دے کر کہا کہ اسرائیل ایک جعلی و ناجائز حکومت ہے اور قابض صیہونی فوجی غزہ میں جو جرائم انجام دے رہے ہیں وہ نیتن یاہو کی مجرمانہ خو کے عکاس ہیں۔ پاکستان کے وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے پاکستان کے ایک نیوز چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ قابض صیہونی فوجیوں نے بچوں سمیت دسیوں ہزار بے گناہوں کو قتل کر دیا اور در حقیقت غزہ کے بچوں کے سلسلے میں ایک ہولوکاسٹ کو جنم دیا ہے۔ "**

۱) نخست وزیر نگران پاکستان، آن کشور را مورد انتقاد قرار داد۔

۲) نخست وزیر موقت پاکستان تاکید کرد کہ اسرائیل یک حکومت جعلی و ناجایز است۔

۳) جنایاتی کہ ارتش جنایتکار اسرائیل در غزہ انجام می دھد، نشانگر خوی جنایتکارانہ نتانیاھو می باشد۔

۴) در مصاحبہ با یک شبکہ خبری، نخست وزیر موقت گفت کہ در حقیقت در رابطہ با بچہ ھا یک ہولوکاست بہ وجود آمدہ است۔

۱۱۶۔ **فارسی کی درج ذیل اصطلاحات کی صحیح اردو متبادلات کی نشاندہی کیجیے۔**

**"زیر دریایی اتمی، ناو ہواپیابر، مواضع دشمن، پاسگاہ مرزی"**

۱) ایٹمی جہاز، طیارہ بردار بیڑ، دشمن کی چھاؤنی، سرحدی چوکی
۲) ایٹمی آبدوز، ٹینک بردار بیڑا، دشمن کی چھاؤنی، سرحدی تھانہ
۳) ایٹمی جہاز، طیارہ بردار بیڑا، دشمن کے ٹھکانے، سرحدی تھانہ
۴) ایٹمی آبدوز، جہاز بردار بیڑا، دشمن کے ٹھکانے، سرحدی چوکی

۱۱۷۔ درج ذیل اردو عبارت کے صحیح فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

**"حکم نامے کے مطابق درخواست گزار کی جانب سے بڑے پیمانے پر افغان مہاجرین کی بے دخلی کے نگران حکومت کے اختیارات کو چیلنج کیا گیا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ نگران حکومت کو آئینی اختیار نہیں کہ وہ افغان مہاجرین کو غیر انسانی طریقے سے بے دخل کرے۔"**

۱) بر اساس این حکم، خواہان اختیارات دولت برای پناہندگان افغان در مقیاس وسیع را بہ چالش کشاند. وکیل خواہان گفت کہ حکومت پاکستان ہیچ گونہ اختیار قانونی برای بی اختیار کردن پناہجویان افغان راندارد.

۲) بر اساس این حکم، خواہان، اختیارات دولت موقت برای اخراج مہاجران افغان در سطح وسیع را بہ چالش کشاندہ است. وکیل خواہان گفت کہ حکومت موقت ہیچ گونہ اختیار قانونی برای اخراج غیر انسانی مہاجران افغان راندارد.

۳) بر اساس این حکم، خواندہ صلاحیت دولت مرکزی برای اخراج افغانہا را در سطح وسیع بہ چالش کشانیدہ است. وکیل خواہان گفت دولت موقت ہیچ گونہ اختیاراتی برای اخراج سیاستمداران افغان راندارد.

۴) بر اساس حکم دادگاہ، خواندہ اختیارات دولت برای اخراج مہاجران افغان را قبول کردہ است، وکیل خواہان گفت دولت دارای اختیارات قانونی جزئی برای اخراج مہاجران افغان است.

۱۱۸۔ درج ذیل اردو تراکیب کی فارسی متبادل تراکیب کی نشاندہی کیجیے۔

**"ناچاقی - بلاناغہ - افراط زر - محصول"**

۱) ناراحتی - ساخت و ساز - ریزش سہام - مالیات

۲) رنجش - سازش - تاراج مال - فراوردہ

۳) لاغری - دایم - ثروتمندی - سازش

۴) رنجش - بی وقفہ - تورم - مالیات

۱۱۹۔ ذیل کی عبارت کے پیش نظر، "پٹرولیم مصنوعات" - "پیٹرول" - "ڈیزل" - "روپے کی بے قدری" کی تراکیب کی ترتیب وار صحیح فارسی تراجم کونسے ہیں؟

**"پاکستان میں ۲۰۲۳ عیسوی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے سارے ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ شہری ملکی تاریخ کا سب سے مہنگا پیٹرول اور ڈیزل خریدنے پر مجبور رہے۔ پٹرولیم مصنوعات فی لیٹر ۱۶ روپے ۵۸ پیسے تک مہنگی ہوئیں، روپے کی بے قدری بھی جاری رہی۔ سرکاری عہدہ داروں کے مطابق ملکی تاریخ میں پہلی بار پٹرول اور ڈیزل کے فی لیٹر پر ۶۰ روپے لیوی عائد کی گئی۔ اس کے تحت لیوی میں اضافے اور عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں بڑھنا پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی وجوہات بنیں۔"**

۱) فراوردہ ہای مصنوعی - نفت - بنزین - قیمت روپیہ

۲) فراوردہ ہای نفتی - بنزین - گازوئیل - افت قیمت روپیہ

۳) نفت مصنوعی - ماشین پاترول - موتور دیزل - افت روپیہ

۴) فراوردہ ہای بنزینی - نفت - گازوئیل - افت و خیز قیمت روپیہ

۱۲۰۔ درج ذیل اردو متن کے صحیح فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

**"سرکار نے تمام ٹیکس نادہندگان کو ٹیکس جمع کرانے کی تاریخ میں ایک مہینے کی توسیع کی اور مزید مقرر ہوا کہ اگر وہ روان سال کی آخری تاریخ تک ٹیکس جمع نہیں کریں گے تو انہیں جرمانہ دینا پڑے گا۔"**

۱) دولت بہ کسانی کہ مالیات پرداخت نمی کنند فرصت خواہد داد کہ مالیات خود را پرداخت کنند تا مشمول جریمہ نشوند.

۲) دولت برای کسانی کہ دیر مالیات پرداخت می کردند، این امکان را فراہم آورد کہ مالیات خود را بدون جریمہ پرداخت کنند.

۳) دولت از کسانی کہ مالیات پرداخت نخواہند کرد، خواست کہ ہرچہ زودتر مالیات خود را پرداخت کنند تا در سال جاری مشمول جرایم مالیاتی نشوند.

۴) دولت پرداخت مالیات را برای تمام کسانی کہ مالیات پرداخت نکردہ اند تمدید کرد و مقرر شد کہ اگر آنہا تا روز آخر سال جاری مالیات پرداخت نکنند، جریمہ خواہند شد.